© rasailojaraid.com

**سیاست دان اور عوام** از پروفیسر ڈاکٹر حافظ عبدالقیوم - ۲۵۲، ڈی - پیپلز کالونی، فیصل آباد - یہ منظوم پمفلٹ ہے، اور اس کے ساتھ "اسلام اپنی منزل" بھی چار صفحے کے دو ورقے میں درج ایک نظم ہے۔

---

**نقوشِ سفر** شعبہ تصنیف و تالیف، اسلامی جمعیت طالبات پاکستان - ان عزیز بہنوں کے کام سے مجھے بڑی دلچسپی ہے جو مغربیّت کے خلاف بڑی مضبوط صفیں بنا کر کھڑی ہو گئی ہیں - ان اوراق میں ان کے کام کی مختصر روداد ہے کہ کن کن دائروں میں انہوں نے کیا کیا کیا - اور جو کچھ کیا، حیران کن ہے - اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ!

---

**رپورٹ کالم** پیش کش، ایضاً - اس پمفلٹ میں اسلامی جمعیت طالبات نے نماز، قرآن و حدیث، مطالعۂ لٹریچر، اخلاقیات، انفرادی ملاقاتیں، توسیع دعوت، تنظیم اور اس کے تقاضے، اجتماعات کی اہمیّت، محاسبہ، تربیّت وغیرہ موضوعات پر اپنی کارکنوں کو رہنمائی دی ہے۔

---

**خواتین یونیورسٹی** کیوں اور کس طرح؟ مرتبہ: ادارۂ تعلیمی تحقیق، تنظیم اساتذہ پاکستان ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔
اس اہم کتابچے میں ڈاکٹر انیس احمد، پروفیسر مسلم سجاد، جناب ممتاز احمد اور راقم ناچیز کی تحریریں جمع کی گئی ہیں - قیمت: ۱۶/ روپے۔

---

اب اس کے بعد کے حصے میں ہم مجبور ہیں کہ رسالوں یا پمفلٹوں کے صرف نام پتے درج کر دیں

---

**تحریکِ ختمِ نبوت کے پمفلٹ** مؤلف: مولانا محمد یوسف لدھیانوی - ناشر: عالمی مجلسِ تحفظِ ختمِ نبوت - حضوری باغ - ملتان - ۱- المہدی والمسیح ۲- نزولِ عیسیٰ علیہ السّلام ۳- مرزا غلام احمد قادیانی بقلم خود ۴- حضرت مسیحؑ مرزا قادیانی کی نظر میں (مؤلفہ: لال حسین اختر مرحوم) ہر پمفلٹ ایک روپے کی ٹکٹیں بھیج کر منگوایا جا سکتا ہے۔

© rasailojaraid.com